رخصتی سے پہلے جماع کا حکم

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰهِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں بیلجیم میں رہتا ہوں میرا سات ماہ پہلے نکاح ہوا ہے اور ابھی تک رخصتی نہیں ہوئی اور میرے ساتھ لڑکیاں کام کرتی ہیں جو مجھے جنسی طور پر ابھارتی ہیں تو کیا ایسی صورت میں کیا میں اپنی منکوحہ سے ہمبستری کرسکتا ہوں کیونکہ وہ بیلجیم میں ہی رہتی ہے ؟

سائل:محمد (بیلجیم)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَهَّاب اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَ وَ الصَّوَاب

نکاح کے بعد رخصتی سے قبل بیوی کے ساتھ ہمبستری کرنے میں مضائقہ نہیں کیونکہ وہ اب آپ کی منکوحہ ہے اور منکوحہ سے ہمبستری عینِ حلال فعل ہے مگر ہمارے معاشرے میں رخصتی سے قبل بیوی سے ملاقات اچھی نہیں سمجھی جاتی لہذا ان کے طعن وتشنیع سے بچنے کے لیے جلدرسمِ رخصتی بھی ادا کرلی جائے تو آپ کے لیے بہتر ہوگا۔

اور نامحرم لڑکیوں کے ساتھ فری گپ شپ سے اجتناب ضروری ہے کہ بلاشبہ نامحرم لڑکیوں ایسی باتیں کرنا جوجنسی تعلقات پر ابھارتی ہوں حرام ہیں اور ایسے کام(Job) کو چھوڑدیا جائےجس کی وجہ سے اپنے آپ کوزنا وغیرہ سے بچانا مشکل ہے۔کیونکہ صحبت اثر رکھتی ہے۔

جس کا آج خطرہ ہے اس کا شادی کے بعد بھی خطرہ رہے گا کیونکہ جب شہد کو چکھا نہیں تو اس کا ذائقہ کی یہ تاثیر اور آپ کا حال بے حال ہے تو شادی کے بعد جب چکھ لیں گے تو اس کی تاثیرمیں کمی نہیں بلکہ زیادتی ہوگی جوہر عاقل پر واضح ہے ۔لہذا کوئی دوسراکام تلاش کیا جائے جس میں ایساخطرہ نہ ہو۔

وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:17 -01-2019

Having intercourse before the wife has been given away by her family

الحمدلله والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: I live in Belgium and I got married seven months ago, and so far my wife has not yet moved in with me. As well as this, there is also of issue of there being women at my workplace who constantly flirt with me. So, am I allowed to have intercourse with my wife, even though she actually lives in Belgium?

Questioner: Muhammad from Belgium

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃ الحَق والصواب

There is no problem in having intercourse after one has got married before one's wife has moved out of her family home, because she is now your wife and the act of intercourse itself with one's wife is a lawful action. However, in our society, meeting up with one's wife before she has left her family home is not considered being something good, hence one should make arrangements for her to move in with yourself i.e. the husband as soon as possible in order to avoid any blame, gibes, scoffing, sneering and pointing of fingers; this will thereby be better for you.

In addition, it is essential that one avoids free mixing & talking freely with non-Mahram women, because undoubtedly, having flirtatious conversations with non-Mahram women causing sexual tension between the two is unlawful, and one should leave such a job in which it is difficult for one to avoid such actions which can lead onto unlawful intercourse etc. because company has an effect.

The one who is worrying now would also remain worried after marriage, because when one hasn't even yet felt the particular desire being discussed at hand, then this is the state of such effect, and you are at loss in your current state. So, when a person has tasted sweetness after marriage, then this feeling won't decrease; rather, it will increase, which is apparent to every sane person. Thus, one should find another job in which the aforementioned dangers do not exist.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali